**04.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

-----------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی کو کیریبیائی ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز، آرڈر آف ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو سے نوازا گیا۔
- ☆ وزیر اعظم، ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔
- ☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بارش سے متاثرہ پانچ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے بات کی اور مرکز کی جانب سے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی۔
- ☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران، پنجاب، ہریانہ، اتراکھنڈ اور مغربی اترپردیش میں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ روس نے اب تک کے اپنے سب سے بڑے فضائی حملے میں یوکرین کے 500 سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، برمنگھم ٹیسٹ میں Jami Smith اور Harry Brook کی بہترین کارکردگی کی بدولت بھارت کے خلاف انگلینڈ کی پوزیشن مستحکم ہوئی ہے۔

-----------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Trinedad & Tobago**

وزیر اعظم نریندر مودی کو آج کریبیائی ملک ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز The Order of the Republic of Trinidad and Tobago سے نوازا گیا۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ اعزاز ان کیلئے باعث فخر ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ اس اعزاز کو 140 کروڑ بھارتیوں کی طرف سے اسے قبول کرتے ہیں۔

S/B PM

وزیر اعظم جناب مودی نے پورٹ آف اسپین میں ٹری نڈاڈ اینڈ ڈوبیگو کی صدر محترمہ Christine Kangaloo سے ان کے صدارتی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی، بعد میں ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔وزیر اعظم، پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج صبح ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو پہنچے۔

## PM Argentina Visit

وزیر اعظم نریندر مودی ٹری نڈاڈ اینڈ ٹوبیگو کے کامیاب دورے کے بعد آج دیر رات Buenos Airs پہنچیں گے۔ وزیر اعظم، صدر Javier Milei کی دعوت پر ارجنٹینا جائیں گے۔
عالمی خطۂ جنوب کے ساتھ بھارت کی مصروفیات کو مزید مستحکم کرنے کے مقصد سے 5ملکوں کے جاری دورے پر روانہ ہونے سے پہلے اپنے ایک بیان میں وزیر اعظم نے ارجنٹینا کو لاطینی امریکہ میں ایک اہم اقتصادی اور جی–ٹوینٹی میں ایک قریبی شراکت دار قرار دیا۔
پروگرام کے مطابق، وزیر اعظم مودی ارجنٹینا کے قابل احترام مجاہد آزادی اور قومی ہیرو جنرل José de San Martín کے مجسّمے پر بھی خراجِ عقیدت پیش کریں گے۔ وزیراعظم کو شاندار استقبالیہ دیا جائے گا۔ جناب مودی صدر Milei کی جانب سے ضیافت کے بعد وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔x

## Shah CM

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک کے مختلف حصوں میں موسلا دھار بارش کے تناظر میں آج گجرات، ہماچل پردیش، راجستھان، اتراکھنڈ اور چھتیس گڑھ کے وزراء اعلیٰ سے بات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ ضرورت کی اِس گھڑی میں لوگوں مدد کیلئے ریاستوں میں مناسب تعداد میں NDRF ٹیموں کو تعینات کیا گیاہے اور ضرورت پڑنے مزید کُمک بھیجی جاسکتی ہے۔ انہوں نے ریاستوں کے وزراء اعلیٰ کو مرکزی حکومت کی جانب سے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی۔ x

## Amit Shah Pune Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج پونے میں اہمیت کی حامل تین پہل کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن اقدامات میں نیشنل ڈیفنس اکیڈمی NDA میں باجیراؤ پیشوا اوّل کے گھوڑے پر سوار مجسمے کی نقاب کشائی، Jayaraj اسپورٹس اور کنونشن سینٹر کا افتتاح اور PHRC Lifespace Health City پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھے جانے کی تقریب شامل ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ 2014سے بھارت میں بنیادی ڈھانچے کی تیزی سے ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی معیشت، دنیا میں اب چوتھے نمبر پر ہے اور یہ 2047 تک دنیا کی سرکردہ معیشت بن جائے گی۔ x

## MEA Dalai Lama

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ حکومت نے بھارت میں مذہب کی آزادی کو سب کیلئے برقرار رکھا ہے اور

وہ مستقبل میں بھی یہ جاری رکھے گی۔ دلائی لامہ کے حالیہ بیان سے متعلق پوچھے گئے میڈیا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ انھوں نے دلائی لامہ نظام کو جاری رکھنے سے متعلق عزت مآب دلائی لامہ کے بیان سے متعلق رپورٹس دیکھی ہیں۔ جناب جیسوال نے مزید کہا کہ حکومت ہند، عقائد اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے طور طریقوں پر کوئی موقف اختیار نہیں رکھتی۔x

## Civil Aviation Conference

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر کنجراپو رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ شہری ہوا بازی، تیزی سے بڑھنے والا شعبہ بن گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت دنیا میں گھریلو شہری ہوا بازی کا تیسرا سب سے بڑا نیٹ ورک بن گیا ہے۔ دہرہ دون میں آج منعقد علاقائی شہری ہوا بازی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے کہا کہ اِس پہل کا مقصد مرکز اور ریاستوں کے درمیان تعاون کو مستحکم کرنا اور شہری ہوا بازی کی صنعت میں زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔x

## RIJIJU HAJ APPLICATION 2026

اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ حکومت ایک ہفتے کے اندر 2026 کی حج درخواستیں قبول کرنے کا عمل شروع کرے گی۔ آج نئی دلی میں حج جائزہ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے سبھی عرضی گزاروں سے درخواست کی کہ وہ فارم بھریں اور مقرر وقت کے اندر اپلائی کریں۔ انھوں نے بھارت کی حج کمیٹی کو ہدایت دی ہے کہ وہ وقت کی مدت ختم ہونے سے قبل سعودی حکومت کو رقم کی ادائیگی کرے۔

SB- KIRAN RIJIJU ON HAJ

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے پنجاب، ہریانہ، اتراکھنڈ اور مغربی اترپردیش میں اگلے تین روز کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینا منی نے کہا کہ مغربی ہمالیائی خطے، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کل سے مانسون کی بارش میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ ہماچل پردیش کیلئے موسلا دھار بارش کے تعلق سے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دلّی–این سی آر خطے میں بھی کل سے بارش میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ x

## J&K Amarnath Yatra

38روزہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا، جو کل شروع ہوئی تھی، جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں پہلگام اور وسطی کشمیر کے گاندربل ضلع میں بالتل کے دونوں راستوں سے بلا رکاوٹ جاری ہے۔ کشمیر خطے میں پہلگام اور

بالتل base کیمپ سے آج صبح سویرے 10ہزار 700سے زیادہ یاتریوں کو پوتر گھپا کی طرف جانے کی اجازت دی گئی۔ 291 گاڑیوں میں 6ہزار سے زیادہ یاتریوں کے ایک تازہ جتھے کو آج صبح جموں میں بھگوتی نگر base کیمپ سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Tariq Rather

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے میں بالتل base کیمپ میں 800یاتریوں کی گنجائش والے Yatri Niwas کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پورے جموں و کشمیر میں شری امرناتھ جی کی یاترا کیلئے جشن اور جوش و خروش کا ماحول ہے۔ یاتریوں نے ہر طرح کے انتظامات کیلئے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

سرینگر سے طارق راتھر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں شبانہ رحمان

## CUET NTA Result

امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے آج کامن یونیورسٹی داخلہ امتحانCUET، 2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ ملک بھر کی مختلف مرکزی یونیورسٹیوں اور اِس میں شامل اداروں کے انڈر گریجویٹ، UG اور پوسٹ گریجویٹ PG کورسیز میں CUET کے ذریعے داخلہ دیا جاتا ہے۔ x

## NCH HELPLINE

صارفین سے متعلق قومی ہیلپ لائین نے گزشتہ 2ماہ کے دوران صارفین کو سات کروڑ سے زیادہ کی رقم کی واپسی میں کامیابی سے مدد فراہم کی ہے۔ یہ نمایاں ازالہ 30مختلف شعبوں میں کیا گیا ہے جس کے تحت 15ہزار سے زیادہ صارفین کی ریفنڈ کے دعوؤں سے متعلق شکایات کو مؤثر طور پر نبٹایا جا سکا ہے۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ای کامرس سیکٹر میں سب سے زیادہ تعداد میں جبکہ اسکے بعد سیاحت سیکٹر میں شکایات درج کی گئیں۔

## RBI VRRR

بھارت کے ریزرو بینک RBI نے آج منعقدہ سات روزہ Variable Rate Reverse Repo, VRRR نیلامی کے ذریعے بینکنگ نظام سے ایک لاکھ دس ہزار کروڑ روپئے نکال لئے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں RBI نے کہا ہے کہ اُسے ایک لاکھ 70ہزار 880 کروڑ روپئے کی بولیاں موصول ہوئی تھیں جس میں سے ایک لاکھ دس ہزار کروڑ روپئے مالیت کی بولیوں کو پانچ اعشاریہ چار سات فیصد کٹ آف شرح پر منظور کرلیا گیا۔ RBI کے اعداد وشمار کے مطابق فی الحال بینکنگ نظام میں قریب چار لاکھ چار ہزار کروڑ روپئے کی نقد رقم سر پلس کے طور پر موجود ہے۔x

## NIA Yuva Morcha

قومی جانچ ایجنسی NIA نے کرناٹک BJP یووا مورچہ کے رُکن پروین Nettaru کے قتل کے معاملے میں کلیدی ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ NIA کے مطابق گرفتار کئے گئے ملزم کی پہچان عبدالرحمن کے طور پر ہوئی ہے اور اُسے NIA کی ٹیم نے قطر سے واپسی کے بعد Kannur بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے اپنے قبضے میں لیا۔ ملزم گذشتہ دو سال سے فرار تھا۔x

## ED Chinese App

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ ED نے ایک سرمایہ کاری گھپلہ کیس میں چینی App کے ایک ماسٹر مائنڈ روہت Vij کو گرفتار کیا ہے۔ ED نے دلّی میں واقع پانچ مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی، جو روہت Vij، اُس کے کاروباری اداروں اور ساتھیوں سے منسلک تھے۔ ایجنسی نے ایک FIR کی بنیاد پر تحقیقات شروع کی تھی، جس میں الزام لگایا ہے کہ کچھ چینی افراد نے بھارتی افراد کے ساتھ ملکر سرمایہ کاروں کو ان کی جعلی سرمایہ کاری App کے ذریعے دھوکہ دیا اور غیر حقیقی طور پر زیادہ منافع کا لالچ دے کر انہیں اپنی طرف مائل کیا۔ x

## Russia Ukrain Aerial Attacks

روس نے بڑے پیمانے پر یوکرین پر تازہ فضائی حملے کئے ہیں۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے آج اعلان کیا کہ روس نے حالیہ وقتوں میں یوکرین پر اب تک کا سب سے بڑا فضائی حملہ کیا ہے، جس میں کم از کم 330روسی–ایرانی شاہد ڈرونز اور بیلسٹک میزائلوں کے ذریعے 550ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ جناب زیلنسکی نے دعویٰ کیا کہ یوکرین اپنے 270فضائی نشانوں کو مار گرانے میں کامیاب رہا، جبکہ دیگر 208ڈرونز کو الیکٹرانک حربوں کے ذریعے جام کردیا گیا تھا۔ زیلنسکی نے کہا کہ روسی حملوں سے راجدھانی کیف سمیت کئی شہر متاثر ہوئے ہیں۔ اب تک اِن حملوں میں 23لوگوں کے زخمی ہونے کی خبر ہے۔پچھلے مہینے استنبول میں ہوئے سمجھوتے کے تحت دونوں ممالک نے آج اپنے جنگی قیدیوں کا تبادلہ کیا۔ تاہم فریقین نے اِن قیدیوں کی تعداد کی وضاحت نہیں کی۔x

## Bulgaria Govt

بلغاریہ میں وزیر اعظم Rosen Zhelyazkov کی قیادت والی حکومت آج پارلیمنٹ میں عدم اعتماد کی قرارداد سے تیسری مرتبہ بچ گئی۔ اقتدار میں آنے کے بعد حکومت نے چھ مہینے کے اندر تیسری مرتبہ عدم اعتماد کی قرارداد کا سامنا کیا۔ گذشتہ ہفتے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے پیش کی گئی عدم اعتماد کی قرارداد میں حکومت پر مالیاتی پالیسی میں ناکام رہنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ تاہم 240سیٹوں والی قومی اسمبلی میں صرف 54اراکین نے اِس قرارداد کی حمایت کی۔ اپوزیشن کی جانب سے کابینہ کو ہٹانے کی یہ تیسری کوشش تھی۔ اسی طرح کی پچھلی دو کوششیں اس سال اپریل میں بھی ناکام ہوئی تھیں۔x

## Cricket IND ENG

Edgbaston میں جاری اینڈرسن تیندولکر ٹرافی میں انگلینڈ اور بھارت کے درمیان دوسرے ٹسٹ میچ کے تیسرے دن اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ نے وکٹ ُپر 395رن بنائے۔

میزبان ٹیم کے کھلاڑیوں Jammie smith اور Harry Brork نے سینچر یاں بنائیں۔ اور اپنی اننگز مضبوط کیا۔اس سے پہلے بھارت نے پہلی اننگز میں 587 رن کا زبردست اسکور بنایا۔×

## Mandaviya Fit India Sunday

فٹ رہنے کیلئے ہر اتوار کو سائیکل چلانے کی تحریک دینے کی غرض سے فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل کا 30واں پروگرام اتوار کو پورے ملک کے 6ہزار مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔ رہائش پذیروں کی بہبود کے اداروں RWA کے تعاون سے اس کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس ایک روزہ پروگرام میں 50ہزار سے زیادہ افراد سائیکل پر سوار ہوکر پورے ملک میں آلودگی اور موٹاپے سے پاک، بھارت کے عزم کا اظہار کریں گے۔ نئی دلّی کے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے اس اہم پروگرام کا آغاز کیا جائے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل دھیرے دھیرے ایک عوامی تحریک بن گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆